SUMMER IN THE CITY

رہنما کتابچہ برائے خاندان

— 2018 —

گرمیوں کا اسکول طلبا کو یہ یقینی بنانے کے لیے اضافی تدریسی مدد فراہم کرتا ہے کہ وہ اگلی گریڈ سطح میں جانے کے لیے تیار ہیں۔ موسم گرما کی کلاسوں میں شرکت کرنے والے طلبا ایسی صلاحیتیں اور علم حاصل کرتے ہیں جن کی ان کو آنے والے تعلیمی سالوں میں ضرورت ہو گی۔

یہ رہنما کتابچہ ان طلبا کے خاندانوں کے اکثر پوچھے جانے والے سوالات کے جوابات دیتا ہے جو گرمیوں کے اسکول جارہے ہیں۔

NYC Department of Education

T&I27788 (Urdu)

اسکول فوڈ

کیا گرمیوں کے اسکول میں کھانا فراہم کیا جاتا ہے؟

- جی ہاں۔ گرمیوں میں مفت کھانے 18 سال اور اس سے کم عمر تمام بچوں کو آپکے نزدیک حصہ لینے والے اسکولوں، پولز، پارکوں یا لائبریریوں میں دستیاب ہیں۔ کوئی شناخت، اندراج یا دیگر معلومات کی ضرورت نہیں ہے۔ اپنے قریب ترین مقام کو تلاش کرنے کے لیے براہ کرم 311 سے رابطہ کریں یا آن لائن جا کر اسکول فوڈ فیڈ یور مائنڈ ایپ (SchoolFood Feed Your Mind)کو ڈاون لوڈ کریں یا 877-877 پر "NYCMEALS" ٹیکسٹ کریں (میسج اور ڈیٹا نرخ کا اطلاق ہو سکتا ہے)

2018 سمر ان دا سٹی کلینڈر

ایلمنٹری اور مڈل اسکول

5 جولائی - 9 اگست

پیر - جمعرات (اور جمعہ 6 جولائی)

ہائی اسکول

5 جولائی - 15 اگست

پیر - جمعہ

16 اور 17 اگست نیویارک ریاست ریجنٹس امتحان کے دن ہیں

اسکول کے شروع اور ختم ہونے کے اوقات مختلف ہوسکتے ہیں۔ براہِ مہربانی سوالات کے لیے اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں۔

مزید معلومات اور مدد کے لیے:

- اندراج اور دستاویز کے مطلوبات کے لیے، ذیل پر جائیں: www.nyc.gov/schools/ChoicesEnrollment/NewStudents
- غیر رہائشی فیسوں کے بارے میں سوالات کے لیے، شعبہ برائے غیر پبلک اسکول واجب الادائگی سے رابطہ کریں، متوجہ: 718-935-4789 پر Brenda Antoine
- نقل و حمل خدمات کے لیے ذیل پر جائیں www.optnyc.org یا 392-8855 (718) پر رابطہ کریں۔
- اسکول فوڈ کے بارے میں سوالات کے لیے یا آپ سے نزدیک مقام کیلئے اس پر جائیں www.schoolfoodnyc.org، اسکول فوڈ فیڈ یور مائنڈ ایپ کو ڈاون لوڈ کریں، 877-877 پر "NYCMeals" ٹیکسٹ کریں یا 311 پر رابطہ کریں۔
- گرمیوں کے اسکول کے بارے میں عام معلومات کے لیے برائے کرم sitc@schools.nyc.gov پر ای میل کریں یا 311 سے رابطہ کریں۔

SUMMER IN THE CITY

/nycschools | /nycschools | /nycschools

ترقی (گریڈ K-8)

مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ میرے بچے کو گرمیوں کا اسکول جانے کی ضرورت ہے؟

- پرنسپل ترقی کے فیصلے طلبا کی انگریزی زبان (ELA) اور ریاضی کی کارکردگی کی بنیاد پر کرتے ہیں۔ اسکول مختلف طریقوں کے استعمال سے اس کا تعین کرتے ہیں کہ کیا طلبا نے اگلے گریڈ میں کامیاب ہونے کے لیے درکار مندرجات میں مہارت اور صلاحیتیں حاصل کر لی ہیں۔
- اسکول ان طلبا کے لیے ترقی پورٹ فولیو مکمل کرتے ہیں جو اگلے گریڈ سطح میں ترقی کے لیے تیار نہ ہوں۔ ترقی پورٹ فولیو طالبعلم کے کام اور تعلیمی سال بھر کی تشخیصات پر مشتمل ہوتا ہے۔ اگر کسی طالبعلم کا ترقی پورٹفولیو ظاہر کرتا ہے کہ اس نے ابھی تک ترقی کے سنگ میل پورے نہیں کئیے ہیں، تو اسکو جون میں ترقی نہیں دی جائے گی۔
وہ طلبا جنہیں جون میں ترقی نہیں ملتی، انہیں اگلے گریڈ میں ترقی کے لیے گرمیوں کے اسکول میں شرکت لازمی ہے۔
- **18 جون** کے ہفتے میں اہل خانہ کو اس بارے میں ایک خط موصول ہوگا کہ اگر انکے بچے کو اگلے گریڈ میں ترقی نہیں ملی اور اسے گرمیوں کا اسکول جانا ہوگا۔ اس خط میں گرمیوں کے اسکول کے آغاز کی تاریخ اور مقام شامل ہو گا۔
- اگر آپکے اس بارے میں سوالات ہیں کہ آیا آپکے بچے کو گرمیوں کے اسکول کی کلاسوں کے لیے شیڈول کیا گیا ہے، تو آپ اپنے بچے کے اسکول کے والدین رابطہ کار یا پرنسپل سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

اسکول کیسے طے کرتے ہیں کہ آیا میرے بچے کو اگست میں ترقی ملےگی؟

- اسکول طلبا کے تعلیمی سال کے کام اور ساتھ میں انکے گرمیوں کے اسکول اور تشخیصوں کا بھی جائزہ لیں گے۔ اس جائزے سے اس کا تعین ہوگا کہ آیا طلبا نے اگلے گریڈ سطح میں جانے کے لئیے مستعدی ظاہر کی ہے۔

کیا میرے بچے سے گرمیوں کے اسکول کے دوران ایک امتحان لینے کا مطالبہ کیا جائے گا؟

- **ایلیمینٹری اور مڈل اسکول** کے طلبا کو اگست میں امتحان دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ گرمیوں کا اسکول ختم کرنے کے بعد میرے بچے کو اگلی گریڈ سطح میں ترقی دے دی گئی ہے؟

- آپ کو ترقی کے فیصلہ کا خط **20 اگست** کے ہفتہ کے دوران موصول ہوگا۔ اس خط میں آپکے طالبعلم کا اگلے تعلیمی سال کا گریڈ سطح شامل ہو گا۔
- اگر آپ کے ترقی کے فیصلے کے بارے میں تشویشات ہیں تو آپ اپنے بچے کے پرنسپل کے پاس **27 اگست سے** ایک تحریری اپیل جمع کرواسکتے ہیں۔ مہتمم اپیل کا جائزہ لے گا اور آپ کے طالبعلم کے گریڈ سطح کا حتمی فیصلہ کرے گا۔

ترقی (گریڈز 9-12)

مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ میرے بچے کو گرمیوں کے اسکول جانے کی ضرورت ہے؟

- پرنسپلز ترقی کے فیصلے طلبا کے جمع کردہ کریڈٹس اور ریجنٹس امتحانات میں کامیابی کے نتائج کی بنیاد پر کرتے ہیں۔
- **18 جون** کے ہفتے میں اہل خانہ کو ایک خط موصول ہوگا اگر انکے بچے کو اگلے گریڈ میں ترقی نہیں ملی اور اسے گرمیوں کے اسکول جانا ہوگا۔ اس خط میں گرمیوں کے اسکول کے آغاز کی تاریخ اور مقام شامل ہو گا۔
- اگر آپ جاننا چاہتے ہیں کہ آیا آپکے بچے کو گرمیوں کے اسکول کی کلاسوں کے لیے شیڈول کیا گیا ہے، آپ اپنے بچے کے اسکول کے والدین رابطہ کار یا پرنسپل سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

کیا میرے بچے سے گرمیوں کے اسکول کے دوران ایک امتحان لینے کا مطالبہ کیا جائے گا؟

- ہائی اسکول کے طلبا کو ریجنٹس امتحانات کا موقع **16 اور 17 اگست** کو ملے گا۔

NYC اسکولز اکاونٹ کے ساتھ والدین اور سرپرست ایک کمپیوٹر، فون یا ٹیبلٹ پر دس زبانوں میں سے ایک میں اپنے طالب علم کی ترقی کے فیصلے، گریڈز، تشخیصات دیکھ سکتے ہیں۔ اگر آپکا پہلے سے NYC اسکولز اکاؤنٹ ہے یا اندراج کرانا ہے تو **http://mystudent.nyc** پر جائیں۔

اندراج

میں اپنے بچے کا گرمیوں کے اسکول میں اندراج کس طرح کروا سکتا ہوں؟

- اگر آپ کا بچہ نیویارک شہر پبلک اسکول جاتا ہے اور اسے گرمیوں کے اسکول کی تجویز دی گئی ہو تو آپ کو ایک خط موصول ہو گا، جو یہ بتائے گا کہ کب اور کہاں گرمیوں کا اسکول ہو گا ۔
- اس فارم پر دستخط کریں جس میں یہ نشان دہی کی گئی ہے کہ آپ کا بچہ موسم گرما اسکول میں شرکت کرے گا اور اس کو اپنے بچے کے اسکول کو **26 جون** تک واپس کر دیں۔ اہل خانہ گرمیوں کے اسکول کے مقام کا انتخاب اپنی گرمیوں کی رہائش کے نزدیک کر سکتے ہیں۔

- اندراج اور مطلوبہ دستاویز کے لیے، ذیل پر جائیں: **www.nyc.gov/schools/ChoicesEnrollment/NewStudents**
- اگر نیویارک شہر کے نئے رہائشی رہائش کے مناسب دستاویز فراہم کر سکتے ہیں اور اہلیت کی تکمیل کے مطلوبات پورے کرتے ہوں تو وہ مفت گرمیوں کے اسکول جانے کے اہل ہیں۔ اس کا اطلاق نیویارک شہر کے عارضی مکینوں پر بھی ہوتا ہے جو گرمیاں گزارنے آئے ہیں (اور NYC پبلک اسکول نظام میں فلحال مندرج نہیں ہیں اور نہ ہی تعلیمی سال 2018-19 میں مندرج ہونگے۔) جس اسکول میں طالب علم جانے کی خواہش رکھتا ہے اس میں بذاتِ خود اندراج کروائیں، وسط جون **سے 26 جون تک اور 5 جولائی** کو (گرمیوں کے اسکول کا پہلا دن)۔ والدین یا سرپرست کو طالب علم کے موجودہ یا سابقہ اسکول سے طالب علم کے رپورٹ کارڈ یا ٹرانسکرپٹ کی ایک کاپی فراہم کرنا لازمی ہے (اگر دستیاب ہو)۔ خود مختار طلبا یہ ریکارڈز خود فراہم کر سکتے ہیں (اگر دستیاب ہوں)
- **غیر پبلک (مثلاً نجی/ مذہبی اسکول طلبا) اور چارٹر اسکول** کے طلبا شرکت کرنے کے اہل ہیں اگر وہ اہلیت کے معیارات کی تکمیل کرتے ہیں اور اپنے ضلع کے کسی بھی کھلے ہوئے اسکول میں بذاتِ خود رجسٹر کرواتے ہیں۔ والدین یا سرپرست (یا خودمختار طالبعلم، جو بھی لاگو ہو) کے لیے ایک اندراجی درخواست فارم کا جائزہ لینا اور مکمل کرنا اور رجسٹریشن کے لیے رپورٹ کارڈ اور / یا ٹرانسکرپٹ کی ایک کاپی ضلعی اسکول میں لانی لازمی ہے۔ اندراج فارم آپکے بچے کے اسکول کی جانب سے آپکو فراہم کیا جائے گا۔ اس پر آپکے بچے کے موجودہ اسکول کے پرنسپل کے دستخط ہونے لازمی ہیں۔
درخواست دہندگان وسط جون **سے 26 جون تک اور 5 جولائی** (گرمیوں کے اسکول کا پہلا دن) کو رجسٹر کرواسکتے ہیں۔
- غیر رہائشی طلبا (جو نیویارک شہر میں رہائش پذیر نہیں ہیں) **وہ گرمیوں کے اسکول میں شرکت کرنے کے اہل ہیں اگر وہ معیارات کی تکمیل کریں اور ٹیوشن ادا کریں، اور اگر منتخب کردہ اسکول میں نشتیں دستیاب ہیں۔**
اندراجی درخواست محکمئہ تعلیم کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے: **http://schools.nyc.gov/summer**

گرمیوں کے اسکول میں نشستون کی دستیابی کی معلومات کے لئیے اہل خانہ کو انکے طالب علم کے اسکول سے رابطہ کرنا چاہئیے۔

اگر نشست دستیاب ہے تو اندراج کروانے والے والدین کو دستخط شدہ درخواست فارم کو رقم ادائیگی کے ساتھ ذیل کو بھیجا چاہیئے:

Bureau of Non-Public School Payables
Attn: Brenda Antoine
65 Court Street – Room 1001
Brooklyn, NY 11201

- طلبا کو نشستوں کی دستیابی کے تحت گرمیوں کے اسکول میں جگہ ملے گی۔

اس سال گرمیوں کے اسکول کی پیشکش کہاں کی جائے گی؟

- موسم گرما اسکولوں کے جائے وقوع کو ذیل پر محکمئہ تعلیم گرما اسکول تلاش کے طریقے کو استعمال کر کے معلوم کیا جا سکتا ہے: **http://schools.nyc.gov/summer**

کیا میرا بچہ گرمیوں کے اسکول میں سہولیات کا اہل ہے؟

- انفرادی تعلیمی پروگراموں (IEPs) کے حامل طلبا، منظورکردہ 504 کے حامل طلبا اور انگریزی زبان کے متعلمین گرمیوں کے اسکول میں وہی سہولیات حاصل کرنے کے اہل ہیں جو وہ تعلیمی سال کے دوران موصول کرتے ہیں، انکے (IEPs) انفرادی تعلیمی پروگرام یا 504 منصوبے، یا انکی اہلیت پر مبنی۔

ELL امتحانی سہولیات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ذیل پر جائیں: **dellss@schools.nyc.gov**

خاص تعلیم خدمات کے طالب طلبا کے خاندان اپنے طالب علم کی IEP ٹیم سے مزید معلومات کے لئیے رابطہ کریں یا ای میل کریں **specialeducation@schools.nyc.gov**

نقل وحمل کی خدمات

کیا گرمیوں میں نقل وحمل کی خدمات فراہم کی جاتی ہیں؟

- گرمیوں کے اسکول کے لیے رجسٹر ہوئے طلبا کو اس ہی نوعیت کی نقل و حمل کی خدمات فراہم کی جاتی ہیں جو وہ عام تعلیمی سال میں استعمال کرتے ہیں۔ اگر کوئی طالب علم میٹروکارڈ استعمال کرتا ہے تو وہ اپنے گرمیوں کے اسکول میں نقل و حمل کے رابطہ کار سے ایک میٹرو کارڈ کی درخواست کرسکتا/سکتی ہے۔ باقاعدہ تعلیمی سال کے دوران جن طلبا کو ایک پیلی بس اسٹاپ تفویض کیا گیا ہے وہ اپنے گرمیوں کے اسکول جانے کے لیے وہی اسٹاپ استعمال کریں گے۔
- وہ طلبا جو تعلیمی سال کے دوران نقل و حمل کی خدمات کے اہل نہیں ہیں لیکن وہ ایسے گرمیوں کے اسکول میں جارہے ہیں جو انکے سارے سال کے اسکول سے 1/2 میل سے زیادہ دور ہے، انہیں اپنے موجودہ اسکول سے گرمیوں کے اسکول تک پہنچنے کے لیے ایک شٹل اسٹاپ فراہم کیا جاسکتا ہے۔ والدین گرمیوں کی کلاسوں کے شروع ہونے سے قبل اپنے بچے کے موجودہ اسکول یا گرمیوں کے اسکول سے مدد کے لیے رابطہ کرسکتے ہیں۔